سوال

(332) کیا ٹھیکے والی زمین کا عشر مالک اور زمیندار دونوں ادا کریں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جو زمین ٹھیکہ پر دی جائے اس کے بارے میں عشر کا کیا حکم ہوگا (مالک زمین عشر دے یا ٹھیکہ پر لینے والا یا دونوں مزید یہ کہ مالک زمین کس حساب سے عشر ادا کرے۔ ؟ کیا وصول شدہ رقم کا دسواں حصہ بطورِ عشر دے دے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو زمین ٹھیکہ پر دی گئی ہو زراعت کی صورت میں عشر صرف مستأجر (زمین ٹھیکہ پر لینے والے) پر واجب ہے موجر (زمین ٹھیکہ پر دینے والے) پر نہیں اور مذکورہ رقم اگر موجر (مالک) کے پاس سال بھر پڑی رہتی ہے تو اس میں صرف زکوٰۃ اڑھائی روپے سینکڑہ کے حساب سے واجب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 296

محدث فتویٰ